RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: August 25, 2025
PDF Created On: Wed, Mar 25 2026 10:15:56 am

پاکستان اور بنگلادیش میں ویزا فری سفر کا معاہدہ، 5 سالہ سہولت کا اعلان

,Pakistan - پاکستان,Snippets

rki.news

لاہور (میاں نوید افضل) پاکستان اور بنگلا دیش نے باہم معاہدے کے تحت اپنے سفارتکاروں اور سرکاری اہلکاروں کے لیے ویزا فری داخلے کی اجازت دے دی ہے۔دونوں ممالک کے مابین ہونے والے اہم معاہدے کے بعد بنگلا دیش کے سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ رکھنے والے افراد پاکستان کا ویزا حاصل کیے بغیر سفر کر سکیں گے اور یہی سہولت پاکستانی سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ ہولڈرز کو بھی بنگلا دیش میں حاصل ہوگی۔یہ معاہدہ چیف ایڈوائزر کے دفتر، تَیج گاؤں میں منعقدہ ایک اجلاس کے دوران ایڈوائزری کونسل کمیٹی کی جانب سے پالیسی اور حتمی منظوری حاصل کرنے کے بعد طے پایا ہے۔بنگلا دیش کی جانب سے یہ معاہدہ پاکستان کے ساتھ آئندہ 5 سال کے لیے کیا ہے۔واضح رہے کہ اس سے قبل بنگلا دیش کے 30 ممالک کے ساتھ ایسے معاہدے موجود تھے اور پاکستان کے ساتھ اس معاہدے کے بعد یہ تعداد 31 ہوگئی ہے۔ پاکستانی حکومت نے بھی اس معاہدے کی منظوری دے دی ہے۔

Post Date: August 25, 2025 PDF Created On: Wed, Mar 25 2026 10:15:56 am

Read This Post On RKI Website